# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 26 May -2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کا شوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶؍مئی ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پہلے مرحلے کے پدم ایوارڈ ز صدر جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض، مہاراشٹر کے آٹھ معززین کو مختلف شعبوں میں ان کی کامیابیوں کے لیے اعزاز سے نوازا گیا۔

☆ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 15 ؍مئی کے بعد سے چوتھی بار اضافہ۔

☆ سپریم کورٹ نے نیٹ امتحان میں بے ضابطگیوں پر کیا اظہار تشویش، پیپر لیک معاملے میں پونے کی منیشا حوالدار کو چھ دن کی CBI حراست

☆ حج کے رکن اعظم عرفات کے قیام کی آج ادائیگی۔

☆ TCS تبدیلی مذہب معاملے میں ایم آئی ایم کارپوریٹر متین پٹیل سے پولس کی تفتیش

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر حصوں میں غیر موسمی بارش وژالہ باری۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

اس سال کے پہلے مرحلے کے پدم ایوارڈ ز کل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تفویض کئے ۔ان میں مہاراشٹر کے آٹھ افراد کو مختلف شعبوں میں ان کی نمایاں خدمات کے لیے اعزاز سے نوازا گیا۔اس موقع پر اداکار دھرمیندر کو بعد از مرگ پدم وبھوشن سے نوازا گیا۔ان کی اہلیہ ہیما مالنی نے یہ ایوارڈ قبول کیا ۔مشہور صنعتکار اودے کوٹک اور مہاراشٹر کے سابق گورنر بھگت سنگھ کوشیاری کو پدم بھوشن سے نوازا گیا۔اشتہارات کے شعبے میں گراں قدر خدمات انجام دینے والے پیوش پانڈے کو بعد از مرگ پدم بھوشن سے نوازا گیا۔

پربھنی کے شری رنگ دیو با عرف دادا لاڈ کو زراعت کے شعبے میں ان کی کامیابیوں کے لیے پدم شری سے نوازا گیا۔امراوتی کے شری گرودیو سیوا منڈل کے جنرل سیکریٹری جناردھن پنت بوتھے گروجی کو بھی پدم شری دیا گیا۔اس کے علاوہ رام چندر اور سنیتا گوڈ بولے، ڈرامہ آرٹسٹ رگھو بیر کھیڈ کر، کرکٹ کھلاڑی ہرمن پریت کور، معذور کھلاڑی پرون پوار کو پدم شری سے نوازا گیا۔ پہلے مرحلے کے 66 ؍ پدم ایوارڈ ز اس موقع پر دیئے گئے۔

**** **** *****

کل پیٹرول کی قیمتوں میں دو روپیئے 61 پیسے جبکہ ڈیزل کی قیمتوں میں دو روپے 71 ؍ پیسے کا اضافہ ہوا۔اس اضافے کے بعد ممبئی میں پیٹرول کی قیمت ایک سو گیارہ روپے اکیس پیسے فی لیٹر جبکہ ڈیزل کی قیمت 97 روپے 83 پیسے پہنچ گئی ہے۔15 ؍مئی سے اب تک پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں چار بار اضافہ ہو چکا ہے۔پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں سات روپیوں سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔

***** ***** *****

عالمی بازار میں خام تیل کی قیمتوں میں پانچ فی صد سے زائد کمی ہوئی ہے کیونکہ مغربی ایشیائی تنازع کے حل اور آبنائے ہرمز کے کھلنے کا امکان بڑھ گیا ہے۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت دو ہفتوں کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ برینٹ کروڈ کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے نیچے آگئی ہے۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے نیٹ امتحان کے انعقاد میں مسلسل بے قائدگیوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ یہ افسوسناک ہے کہ پچھلے پیپر لیک ہونے کے باوجود NTA نے اس سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ میڈیکل داخلے کے امتحان کے انعقاد کے لیے NTA کی بجائے ایک اور خودمختار ادارہ قائم کرنے کا مطالبہ کرنے کی درخواست پر سماعت کے وقت جسٹس بی ایس نرسمہا اور جسٹس آلوک آرادھے کی بینچ نے یہ بات کہی۔

نیٹ امتحان منسوخ ہونے سے 22 لاکھ طلباء کا نقصان ہونے کا دعویٰ درخواست گذاروں نے کیا اور مطالبہ کیا کہ امتحان کی نگرانی کے لیے ایک سبکدوش جج کی سربراہی میں اعلیٰ اختیاری کمیٹی قائم کی جائے۔

نیٹ پیپر لیک معاملے میں زیر حراست پروفیسر منیشا حوالدار کو دہلی کی راؤس ایونیو کورٹ نے چھ دن کی CBI حراست میں بھیجا ہے۔ CBI شبہ ہے کہ حوالدار نے طلبا کو نیٹ فزکس پرچے کے سوالات فراہم کئے تھے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی موجودگی میں کل ریاستی حکومت اور ایگریکوانڈیا کمپنی کے درمیان مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ ایگریکوانڈیا ایک کمپنی ہے جو توانائی اور درجہ حرارت کنٹرول کے حل کے شعبے میں کام کررہی ہے۔ اس معاہدے کے مطابق کمپنی پونے ضلع کے پھول گاؤں میں جدید ترین عالمی انجینئرنگ اور پیداواری مرکز قائم کرے گی۔ اس سے پونے میں آئندہ دس سالوں میں 400 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کے ساتھ ایک ہزار ملازمتیں پیدا ہونگی۔

***** ***** *****

عیدالضحیٰ کے ضمن میں وزیر ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ریاست بھر میں خصوصی جانچ مہم چلانے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قدم گائے کی اسمگلنگ، غیر قانونی مذبح خانوں اور جانوروں کے ساتھ غیر انسانی ظلم کو روکنے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ ٹرانسپورٹ کمشنر کے دفتر سے جاری کردہ سرکولر کے مطابق سرحدی علاقوں، ممبئی سمیت بڑے شہروں اور ریاست کے حساس راستوں پر خصوصی ناکہ بندی اور گاڑیوں کی جانچ کی جائے گی۔

***** ***** *****

حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ یعنی عرفات کا قیام آج ادا کیا جائے گا۔ اس ادائیگی کے لیے آج فجر کے بعد سے لاکھوں عازمین حج منیٰ کی وادی سے عرفات کی جانب روانہ ہورہے ہیں۔ عازمین حج زوال آفتاب سے غروب آفتاب تک عرفات میں قیام کریں گے۔ میدان عرفات کی مسجد نمرہ میں آج ظہر کی نماز سے قبل حج کا خطبہ پڑھا جائے گا۔ غروب آفتاب کے بعد حجاج عرفات سے مزدلفہ روانہ ہونگے جہاں وہ مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کریں گے۔ مزدلفہ کی وادی میں آج رات بھر حاجیوں کا قیام رہے گا۔ اس مرتبہ 15 / لاکھ سے زائد حاجی حج کا فریضہ ادا کررہے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں کل دو مختلف حادثات میں چودہ افراد کی موت ہوگئی۔صبح کی اولین ساعتوں میں مہابلیشور اور پولا پور کو جوڑنے والے آمبے نلی گھاٹ پر ایک چار پہیہ گاڑی گہری کھائی میں گرنے سے پیش آئے حادثے میں آٹھ افراد کی موت ہوگئی۔ستارا ضلع کے آٹھ افراد جو ہرنے بندر پر سیر کے لیے گئے تھے ،گاڑی میں واپس آرہے تھے کہ ڈرائیور کا کنٹرول کھو گیا اور حادثہ پیش آیا۔

دوسرا حادثہ ممبئی آگرہ قومی شاہ راہ پر واقع دھولیہ تعلقے کے لڑنگ گھاٹ پر پیش آیا۔تیز رفتار ڈمپر نے سامنے سے آنے والے ٹرک کو ٹکر ماردی اور اسی دوران پیچھے سے آنی والی گاڑی نے بھی ٹرک کو ٹکر ماردی۔اس حادثے میں چھ افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ 25/افراد زخمی ہوگئے۔

***** ***** *****

TCS کمپنی کے مبینہ تبدیلی مذہب وجنسی ہراسانی معاملے میں مشتبہ ملزمہ ندا خان کو پناہ دینے والے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایم آئی ایم کارپوریٹر متین پٹیل اور گھر مالک حنیف خان سے ناسک کی کرائم برانچ میں کل تفتیش کی گئی۔متین پٹیل کا موبائیل فون ایس آئی ٹی نے ضبط کیا ہے۔ان پر الزام ہے کہ انہوں نے جان بوجھ کر معلومات کو چھپایا کہ ندا خان کرائے پر مکان لینا چاہتی تھی۔

***** ***** *****

پانی کی قلت سے پاک جالنہ کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ضلع کلکٹر آشیما متل نے تمام متعلقہ ایجنسیوں سے تال میل سے کام کرنے کی اپیل کی ہے۔وہ کل مشن نیوٹریشن جالنہ کے تحت خواتین اسپتال میں تربیتی پروگرام کا افتتاح کرنے کے بعد مخاطب تھیں۔اس کیمپ کا مقصد ضلع میں غذائی قلت کے واقعات کو کم کرنا اور بچوں کی صحت کو بہتر بنانا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں 15/مئی سے ہونے والی غیر موسمی بارشوں نے فصلوں، باغات، زرعی ڈھانچوں اور املاک کو نقصان پہنچایا ہے۔اس ضمن میں بیڑ کے رکن پارلیمان بجرنگ سونونے نے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس، وزیر زراعت دتاترے بھرنے اور ضلع کلکٹر وویک جونسن کو خط لکھ کر نقصان کے معاوضے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے کئی مقامات پر کل غیر موسمی بارش وژالہ باری ہوئی۔چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں کل قبل از مانسون بارش ہوئی۔ضلع کے پھلمبری شہر سمیت تعلقے کے کئی مقامات پر بارش کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔جالنہ شہر سمیت ضلع میں کل شام بارش ہوئی۔بھوکردن تعلقے کے حسن آباد، شیرج گاؤں بوروڈ، کیدار کھیڑا، راجور میں ہلکی تا درمیانی بارش ہوئی۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے کئی علاقوں میں کل بھی شدید بارش ہوئی۔نیلنگا تعلقے کے جاؤ، نند، جویری، جوڑگا اور دیگر دیہاتوں میں زوردار بارش ہوئی۔کچھ مقامات پر طوفانی ہواؤں سے درختوں کی شاخیں ٹوٹ گئیں۔اوسہ تعلقے کے گھوروسا، کلاری اور دیگر گاؤں میں زوردار بارش ہوئی۔اچانک ہوئی اس بارش سے شہریان کو راحت ملی ہے۔دھاراشیو شہر وعلاقے میں کل ہلکی بارش ہوئی۔

بیڑ ضلع کے ماجل گاؤں کے لاؤل علاقے سمیت آشٹی اور پاٹودہ تعلقوں میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ ژالہ باری ہوئی۔اس سے زراعت کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔امباجوگائی شہر اور اطراف میں آدھی رات کو موسلہ دھار بارش ہوئی۔اچانک ہونے والی بارش سے ماحول ٹھنڈا ہوگیا ہے۔

ناندیڑ ضلع کے ماہور تعلقے کے دہے گاؤں علاقے میں کل تیز ہواؤں کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔اس بارش سے فصلوں کے نقصان کی اطلاع ہے

***** ***** *****

ودربھ کے کچھ مقامات پر زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔کل ریاست میں سب سے زیادہ درجہ حرارت برہما پوری میں 47اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس درج کیا گیا ہے۔محکمۂ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلے دو دنوں میں کونکن ،وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کچھ مقامات پر بارش ہوگی جبکہ ودربھ کے کچھ مقامات پر بارش ہوگی جبکہ ودربھ کے کچھ مقامات پر گرمی کی شدید لہر ہوگی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پہلے مرحلے کے پدم ایوارڈز صدر جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض،مہاراشٹر کے آٹھ معززین کو مختلف شعبوں میں ان کی کامیابیوں کے لیے اعزاز سے نوازا گیا۔

☆ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 15 رمئی کے بعد سے چوتھی بار اضافہ۔

☆ سپریم کورٹ نے نیٹ امتحان میں بے ضابطگیوں پر کیا اظہار تشویش، پیپر لیک معاملے میں پونے کی منیشا حوالدار کو چھ دن کی CBI حراست

☆ حج کے رکن اعظم عرفات کے قیام کی آج ادائیگی۔

☆ TCS تبدیلی مذہب معاملے میں ایم آئی ایم کارپوریٹر متین پٹیل سے پولس کی تفتیش

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر حصوں میں غیر موسمی بارش وژالہ باری۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****